**07.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..............................................................................

☆ نئی دلّی نے کہا ہے کہ بھارت اورامریکہ، لوگوں کی بہتری اور امن اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے کام کریں گے۔

☆ بھارت نے کناڈا کی جانب سے مناسب سکیورٹی کی یقینی دہانی نہ ہونے کے باعث، ٹورنٹو میں قونصل خانے کے کیمپوں کو منسوخ کردیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ حکومت جلدہی انسداد دہشت گردی سے متعلق قومی پالیسی لائے گی۔

☆ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ سرکاری نوکریوں کیلئے اہلیت کے زمرے کو عمل کے دوران تبدیل نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ ضروری نہ ہو۔

☆ اوروزیراعظم نریندرمودی نے Chhath Sandhya Arghya فیسٹیول کے موقع پر قوم کو مبارکباد دی ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***MEA Briefing***

وزارت خارجہ نے آج کہا کہ بھارت اور امریکہ کی شراکت داری کثیر رُخی اور خصوصی ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیرجیسوال نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے صدر منتخب ڈونلڈ ٹرمپ سے بات کی اور اُنھیں یہ پیغام دیا کہ بھارت، بھارت-امریکہ جامع عالمی اور جامع شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے تیئں پُرامید ہے۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت اور امریکہ لوگوں کی بہتری اور امن اور سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے کام کریں گے۔ کناڈا کے شہر ٹورنٹو میں قونصل خانے کے پہلے سے طے شدہ کیمپوں میں سے کچھ کو منسوخ کرنے کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ اِن کیمپوں کو منسوخ کردیا گیا ہے کیونکہ اُنھیں کناڈا کی حکومت کی جانب سے مناسب سکیورٹی یا سکیورٹی سے متعلق یقین دہانی حاصل نہیں تھی۔

انھوں نے کہا کہ قونصل خانے کے اِن کیمپوں کا انعقاد بھارتی کمیونٹی کی تنظیموں کی درخواست پر کیا جاتا ہے اور اِن کا انعقاد کمیونٹی تنظیموں کی سہولت کے مطابق کیا جائے گا۔ کناڈا کے Brampton میں ایک مندر پر حملے کے واقعے کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت نے اِس حملے کی مذمت کی ہے اور کناڈا کی حکومت پر زور دیا

ہے کہ وہ قانون کی بالادستی قائم کرے اور اُن افراد کے خلاف کارروائی کرے جنھوں نے تشدد پھیلایا ہے۔ افغانستان کو انسانی بنیاد پر فراہم کی جانے والی امداد کے بارے میں وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ 50 ہزار میٹرک ٹن گیہوں، 300 ٹن ادویہ اور 28 ٹن زلزلے سے متعلق راحت کا سازوسامان افغانستان کو فراہم کیا گیا ہے۔x

## Amit Shah Conference

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج اعلان کیا کہ حکومت جلد ہی دہشت گردی اور دہشت گردی کے ایکو نظام سے نمٹنے کے لیے قومی انسداد دہشت گردی پالیسی اور حکمت عملی متعارف کرے گی۔ نئی دلی میں قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کی جانب سے منعقدہ دو روزہ انسداد دہشت گردی کانفرنس 2024 کا افتتاح کرتے ہوئے جناب امت شاہ نے کہا کہ گذشتہ دس سال میں، جب سے وزیر اعظم نریندر مودی نے قیادت سنبھالی ہے، حکومت نے دہشت گردی کے خلاف ایک سخت رسائی اپنائی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ گذشتہ دس برسوں میں دہشت گردی کے خلاف جدوجہد کرنے کیلئے ملک میں ایک مستحکم ایکو نظام تیار ہوا ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2006 سے 2013 کی مدت کے مقابلے میں 2014 سے 2021 کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 70 فیصد کمی آئی ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ غیر محدود اور غیر مرئی دہشت گردانہ حملے اور اُن کی سازش ملک کے خلاف ہیں۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے نوجوان افسروں کیلئے خصوصی تربیت کی ضرورت پر زور دیا کہ اُنھیں جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس کیا جانا چاہئے۔x

## SC Recruitment Rules

سپریم کورٹ نے آج یہ کہا کہ سرکاری نوکریوں میں تقرری کیلئے ضابطوں کو تقرری کے عمل کے درمیان میں تبدیل نہیں کیا جائے گا جب تک کہ ایسا کرنا ناگزیر نہ ہو۔

جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی صدارت والی پانچ ججوں کی ایک بینچ نے کہا کہ متعلقہ جو ضابطے بھرتی کے عمل کے شروع ہونے سے پہلے ہی طے کر دیئے گئے ہیں، ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔ بینچ نے یہ بھی کہا کہ بھرتی کے عمل کے ضابطے من مانے نہیں ہونے چاہیے بلکہ یہ آئین کی دفعہ-14 کے مطابق ہونے چاہیے۔

عدالت عالیہ نے اتفاقِ رائے سے کہا ہے کہ شفافیت اور بلا امتیاز عمل، عوامی بھرتی کی ایک اہم خصوصیت ہونی چاہیے اور بھرتی کے ضابطوں میں عمل کے دوران اچانک تبدیلی کرکے امیدواروں کو چونکانا نہیں چاہیے۔ x

## Prez Vigilance Week

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سینٹرل وجیلنس کمیشن (CVC) کے Vigilance Awareness Week کی تقریب سے کل نئی دلّی میں خطاب کریں گی۔Vigilance Awareness Week ہر سال CVC کی جانب سے سردار ولبھ بھائی پٹیل کی یومِ پیدائش والے ہفتے کے دوران منایا جاتا ہے۔اس سال، یہ ہفتہ 28 اکتوبر سے 3 نومبر تک منایا گیا، جس کا موضوع تھا ''ملک کی خوشحالی کیلئے یکجہتی کی ثقافت''۔

اس تقریب کے دوران سینٹرل وجیلنس کمیشن کے ذریعہ تیار کئے گئے تین کتابچے بھی جاری کیے جانے کی توقع ہے، جن میں محکمۂ ڈاک کی جانب سے Vigilance Awareness Week-2024 پر ایک خصوصی Cover بھی شامل ہوگا۔ x

## Jharkhand Campaigning

جھارکھنڈ میں، اُن علاقوں میں جہاں پہلے مرحلے کی پولنگ ہونی ہے، NDA اور آئی این ڈی آئی اے بلاک، دونوں کے لیڈر انتخابی جلسوں سے خطاب کر رہے ہیں۔ ہزاری باغ میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر اَنّ پورنا دیوی نے دعویٰ کیا کہ جھارکھنڈ کے عوام ریاست میں ہیمنت سورین کی قیادت والی حکومت کی غلط حکمرانی سے ناخوش ہیں۔

S/B Annapurna Devy

جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی لیڈر کلپنا سورین نے Khunti میں عوامی جلسہ کیا۔ BJP پر الزام لگاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہیمنت سورین کی سرکار کی مدت کے دوران بڑی تعداد میں ترقیاتی پروجیکٹوں کو پورا کیا گیا ہے۔

S/B Kalpana Soren

RJD، اے جے ایس یو اور بائیں بازو کے لیڈروں نے بھی ریاست کے مختلف حصوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ 81 رکنی اسمبلی کیلئے انتخابات دو مرحلوں میں اِس مہینے کی 13 اور 20 تاریخ کو منعقد کئے جائیں گے، جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔x

## PM OROP

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ ایک عہدہ ایک پنشن اسکیم کو نافذ کرنے کا فیصلہ طویل عرصے سے جاری مانگ کو پورا کرنے اور اپنے ہیروز کو ملک کے خراجِ عقیدت کا اعادہ کرنے کی جانب ایک اہم قدم تھا۔ آج جبکہ اس اسکیم نے دس سال مکمل کرلئے ہیں، ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ اقدام ملک کی حفاظت کرنے کیلئے اپنی پوری زندگی وقف کردینے والے سابق فوجی اہلکاروں کی ہمت، دلیری اور قربانی کو شاندار خراج تحسین تھا۔ انھوں نے کہا کہ دہائیوں میں لاکھوں پنشن یافتگان خاندانوں نے اِس اہم پہل سے فائدہ اٹھایا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نمبروں کے علاوہ، OROP اسکیم مسلح افواج کی فلاح و بہبود کی خاطر حکومت کے عزم کی نمائندگی کرتی ہے۔x

## OROP 10 Years

OROP ایک تبدیل جاتی اسکیم ہے جسے سابق فوجیوں کیلئے شفاف اور یکساں پنشن کی ادائیگیوں کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے ذریعے نافذ کیا گیا ہے۔ یہ اسکیم اِس بات کو یقینی بناتی ہے کہ وہ سابق فوجی، جو ایک ہی عہدے اور سروس کی اُتنی ہی مدت کے بعد ریٹائر ہوتے ہیں، وہ بلا لحاظ اپنی ریٹائرمنٹ کی تاریخ کے، یکساں پنشن حاصل کرسکیں۔ وزارت دفاع نے کہا کہ رواں مالی برس میں OROP اسکیم کیلئے مجموعی مالی خرچ چار ہزار 468 کروڑ

روپۓ سے زیادہ کا ہے۔ اس نے کہا کہ اِس سال 30 ستمبر تک مسلح افواج کے پنشن یافتگان کو 895 کروڑ روپۓ سے زیادہ کی رقم ادا کی جاچکی ہے۔x

## PM Chhath Greetings

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج چھٹھ پوجا کے تیسرے دن لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ چھٹھ سندھیا ارگھیہ تہوار سادگی، تحمل، عزم اور عقیدت کی علامت ہے۔ انہوں نے نیک خواہشات کا اظہار کیا کہ یہ عظیم تہوار لوگوں کی زندگی میں خوشی، خوشحالی اور خوش قسمتی لاتا ہے۔ x

## Chhath Puja Bihar

بہار میں چار روزہ چھٹھ پوجا کے آج تیسرے دن ریاست کے مختلف چھٹھ گھاٹوں پر شام کو ڈوبتے سورج کے سامنے لاکھوں لوگوں نے سندھیا ارگھیہ ادا کیا۔ بڑی تعداد میں عقیدتمندوں نے گنگا، گنڈک، کوسی، مہانندا، باگمتی اور دیگر دریاؤں کے گھاٹوں پر پوجا ارچنا کی۔ عقیدتمندوں نے کمر تک گہرے پانی میں اترکر سوریہ دیوتا کو جل چڑھایا اور موسمی پھل اور روایتی پکوان جیسے Thekua اور کھجوریا بھی چڑھایا۔کل صبح نمودار ہوتے سورج کو Ushkalin ارگھیہ چڑھانے کے ساتھ ہی یہ چار روزہ تہوار اپنے اختتام کو پہنچے گا۔ اس کے بعد Paran ادا کیا جائے گا اور عقیدتمندوں 36 گھنٹے طویل ورت کھولیں گے۔مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Dharmendra Rai

چھٹھ پوجا کے تیسرے دن ریاست بھر کے مشہور سوریہ مندروں میں لاکھوں عقیدتمندوں نے پوجا ارچنا کی۔ اورنگ آباد میں دیو سوریہ مندر، نالندہ میں Ongari dham، پٹنہ میں Olark، نوادہ میں Hadiya سوریہ مندر و دیگر سوریہ مندروں میں بڑی تعداد میں دیگر ریاستوں سے بھی عقیدتمند، چھٹھ پوجا کیلئے اکٹھا ہوئے۔

خوبصورت روشنیوں سے سجے ہوئے گھاٹوں اور چھٹھ کے مقدس گیتوں نے اس خاص موقع کی رونق میں مزید اضافہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار اور مرکزی وزیرصحت جے پی نڈّا نے ایک خصوصی کروز کے ذریعے گنگا کنارے سے متصل مختلف مقامات کا دورہ کیا اور لوگوں کو چھٹھ کی مبارکباد دی۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................

## India-Railways Chhath

بھارتی ریلوے مسافروں کی سہولت کے لیے کل سے 164 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔ یہ مسافر تہوار منانے کے بعد اپنی منزلوں کو واپس لوٹیں گے۔ ریلوے آئندہ 3 دنوں میں تقریباً 476 ریل گاڑیاں چلانے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ بھارتی ریلوے کے مطابق، اُس نے پچھلے 36 دنوں میں 4 ہزار 521 ریل گاڑیوں سے 65 لاکھ مسافروں کو آمد ورفت میں سہولت فراہم کی ہے۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ بھارتی ریلوے سے 6 کروڑ 85 لاکھ سے زیادہ مسافروں نے بہار، مشرقی اترپردیش اور جھارکھنڈ کا سفر کیا ہے۔

**Mines Auction**

مرکز نے چوتھے مرحلے کے تحت 8 حساس اور کلیدی اہمیت کی حامل معدنی بلاکس کی نیلامی کا عمل مکمل کرلیا ہے۔ یہ بلاکس، آندھرا پردیش، تمل ناڈو، اترپردیش، کرناٹک اور اروناچل پردیش میں واقع ہیں۔ ان بلاکس میں اہم معدنیات جیسے فوسفیٹ، گریفائٹ اور Vanadium موجود ہیں جو اعلیٰ تکنیکی اور ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کیلئے لازمی ہیں۔ ایک بیان میں کانوں کی وزارت نے کہا کہ یہ حصولیابی، کانوں کی سیکیورٹی میں زبردست اضافہ کرنے کے حکومت کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔

وزارت نے اس بات پر مزید زور دیا کہ یہ اقدام ملک میں توانائی کی منتقلی اور پائیدار صنفی اور اقتصادی ترقی کیلئے درکار اہم وسائل کی دستیابی کو یقینی بنائے گا۔

وزارت نے مزید کہا کہ یہ حساس معدنیات میں ملک کو خودکفیل بنانے اور عالمی معدنی معیشت میں بھارت کو مسابقتی فریق کی حیثیت سے ہمکنار کرنے کے حکومت کے ویژن کو پورا کرنے کی سمت میں ایک قدم ہے۔ x

**Govt Urad Import**

حکومت نے آج کہا کہ برازیل سے اُڑد کی درآمدات، اِس سال اکتوبر کے اختتام پر 4 ہزار 102 میٹرک ٹن سے بڑھ کر 22 ہزار میٹرک ٹن سے زیادہ ہوگئی ہے۔ صارفین کے امور، خوراک اور عوامی نظام تقسیم کی وزارت نے کہا کہ حالیہ برسوں میں برازیل اُڑد کی فراہمی کرنے والے کے طور پر اُبھرا ہے۔ اور اُس کے بھارت کے اُڑد اور تور کی درآمدات کا ایک اہم وسیلہ بننے کے امکان ہیں۔ وزارت نے یہ بھی واضح کیا کہ برازیل اور آسٹریلیا جیسے ملکوں کے ساتھ دالوں کی تجارت منفرد طور پر فائدے مند ہے کیونکہ بھارت کے مقابلے میں فصل کے سیزنوں میں فرق، اِن ملکوں کو اپنی فصل اُگانے کے طریقہ کار کو بھارت کے فصل کے امکانات پر مبنی بنانے کیلئے منصوبہ بندی کی اجازت دیتا ہے۔وزارت نے مزید بتایا کہ بھارت کی قومی کوآپریٹو صارفین کی فیڈریشن کے ذریعے آسام، میگھالیہ، تریپورہ اور دیگر شمال مشرقی ریاستوں میں پیاز فراہم کی جارہی ہے۔x

**J&K Killed**

جموں وکشمیر میں جموں ڈویژن کے ریاسی ضلع میں ایک گاڑی کے سڑک سے پھسل کر کھائی میں گرنے کے حادثے میں ایک بچے سمیت چار افراد ہلاک اور دو دیگر زخمی ہوگئے۔ ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ کے مطابق تین افراد جائے حادثہ پر ہی ہلاک ہوگئے، جبکہ تین افراد زخمی ہوگئے، جنہیں اسپتال پہنچایا گیا۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمیوں کو Reasi کے ضلع اسپتال ریفر کیا گیا جہاں ان میں سے ایک فرد زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسا۔ ان سبھی افراد کا تعلق Reasi ضلع کے Mahore تحصیل سے ہے۔ x

**Meeting Zambia India**

خارجی امور کے وزیر مملکت کیرتی وَردَھن سنگھ اور زامبیا کے خارجی امور اور بین الاقوامی تعاون کے وزیر

Mulambo Haimbe نے زامبیا کے Lusaka میں زامبیا-بھارت مشترکہ مستقل کمیشن کے چھٹے اجلاس کی معاون صدارت کی۔ اجلاس کے دوران دونوں لیڈروں نے زراعت، تعلیم، توانائی، دفاع اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کا جائزہ لیا اور تبادلہ خیال کیا۔x

## Tennis HPP Open

ٹینس میں آج رات فن لینڈ کے Helsinki میں بھارت کے Divij Sharan اور اُن کے اسرائیلی ساتھی، HPP Open Daniel Cukierman کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں کھیلیں گے۔

یہ بھارتی-اسرائیلی جوڑی، چوتھے درجے کی اٹلی کے Marco Bortolotti اور فن لینڈ کے Patrik Niklas Salminen کی جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔ Sharan اور Cukierman نے کل رات پری- کوارٹر فائنل مقابلے میں Czechia نے Matej Vocel اور ڈنمارک کے Johannes Ingildsen کی جوڑی کو سات-چھ، سات-پانچ سے شکست دی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆